www.dailyqadamat.com ●●● E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | Member APNS/CPNE | ABC CERTIFIED | قوم کی خدمت کا پاسبان

روزنامہ
قدامت
لاہور
Daily QADAMAT Lahore
ایڈیٹر انچیف ایم گلزار مصطفائی
ایڈیٹر کاشف شہزاد
مینجنگ ایڈیٹر عمران انجم

جلد نمبر 16 | پیر 12 رمضان المبارک 1447ھ 2 مارچ 2026ء | قیمت 15 روپے | صفحات 87

کراچی میں امریکی قونصل خانے کے قریب بکتر بند گاڑی سے 9 افراد جاں بحق

مظاہرین کی امریکی قونصل خانے میں کوشش، لوگوں نے سلطان آباد پل کے نیچے ٹریفک پولیس چوک کو آگ لگا دی' کسٹم ہاؤس کے سامنے شیلی پھینکی' پل پر مظاہرے کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر

لاہور: خواتین مظاہرین خامنہ ای کی شہادت پر امریکی قونصلیٹ کے باہر احتجاج کر رہی ہیں

ایرانی (این ایو آئی) کراچی میں مظاہرین کے دوران بکتر بند گاڑی کے بعد پولیس نے مجرموں پر شیلنگ کی' مظاہرے کے دوران 9 افراد جاں بحق ہوگئے۔ گزشتہ روز ایران پر امریکی قونصل خانے میں داخل ہونے کی کوشش ہونے والے امریکی و اسرائیلی حملے کے خلاف

بقیہ صفحہ 24

خامنہ ای کے قتل کا بدلہ لینا ہمارا فرض ہے، ایرانی صدر کا اعلان

تہران (نیٹ نیوز) ایرانی صدر مسعود پزشکیان

بقیہ صفحہ 25

آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر انتہائی افسوس ہے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (کال) نیوز) وزیراعظم شہباز شریف

بقیہ صفحہ 26

علی رضا اعرافی ایرانی عبوری کونسل کے رکن مقرر

تین رکنی کونسل میں ایرانی صدر پزشکیان اور ایرانی چیف جسٹس بھی شامل

قیادت کونسل عارضی طور پر سپریم لیڈر کے فرائض انجام دے گی' ذرائع

تہران (نیٹ نیوز) علی رضا اعرافی کو ایرانی سپریم لیڈر کے فرائض انجام دینے والی عبوری کونسل کا رکن مقرر کر دیا گیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق آیت اللہ علی رضا اعرافی قیادت کونسل کے لیے مقرر کر دیا گیا۔ قیادت کونسل عارضی طور پر سپریم لیڈر کے

بقیہ صفحہ 23

انا للہ وانا الیہ راجعون

امریکا اور اسرائیلی حملوں میں ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای شہید

سپریم لیڈر کی شہادت پر ایران میں 7 روز کی چھٹی، 40 روزہ سوگ کا اعلان/ اسرائیل نے ایسا راستہ اختیار کیا جسکا انجام اس کے ہاتھ میں نہیں، ایران/ امریکی افواج نے ایران کیخلاف وسیع آپریشن کا آغاز کر دیا' ٹرمپ/حملوں میں امریکی کے تین فوجی ہلاک، 5 زخمی ہوئے' امریکی صدر کا بیان

ایران کا بڑا جوابی وار، امریکی طیارہ بردار جہاز ابراہم لنکن پر بیلسٹک میزائلوں سے حملہ کر دیا' دشمن فوج پر مسلح افواج کے طاقتور حملے نئے مرحلے میں داخل' خشکی اور سمندر تیزی سے دہشت گرد جارحین کا قبرستان بنائیں گے' پاسداران انقلاب کا دعویٰ

تہران (کال نیوز + این آئی) ایران نے بھی جوابی حملے جاری ہیں، اسرائیل کے راڈ پر حملہ ہوگیا جس کی ایرانی حکومت نے تصدیق کردی۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق شہادت اسرائیل اور امریکہ کے مشترکہ حملے کے بعد ایران کے وقت ایرانی سپریم لیڈر اپنے دفتر میں موجود تھے

بقیہ صفحہ 1

جہاز ابراہم لنکن پر بیلسٹک میزائلوں سے حملہ کر دیا۔ دشمن فوج پر مسلح افواج کے طاقتور حملے نئے مرحلے میں داخل' خشکی اور سمندر تیزی سے دہشت گرد جارحین کا قبرستان بنائیں گے' پاسداران انقلاب کا دعویٰ

تہران (نیوز نیوز) ایران نے بڑا وار کرتے ہوئے امریکی بحری بیڑے میں شامل طیارہ بردار

بقیہ صفحہ 1

ایران نے فتح میں امریکی ایئر کرافٹ کیریئر ابراہم لنکن کو 4 بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا۔ ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی پاسداران انقلاب کی جانب سے اس اقدام کو

بقیہ صفحہ 22

سی ایم حسینہ کو فضل اللہ ڈار کی فرزند عبدالرحمن کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر' آئیسکو چیف ایگزیکٹو چودھری خالد عبدالماجد جتوئی' عابد علی نے بھی فاتحہ خوانی کی

مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی، لواحقین کیلئے صبر جمیل، ملک و قوم کی ترقی و سلامتی کیلئے بھی خصوصی دعائیں

وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر، سی ای او آئیسکو کیفیش اللہ ڈاہری و دیگر وزیر مملکت عبدالرحمن خان کانجو کی والدہ محترمہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

بقیہ صفحہ 2

کہروڑ پکا میں دو روزہ علی حسن فری میڈیکل کیمپ

600 سے زائد مریضوں کا مفت چیک اپ' ادویات بھی فراہم کی گئیں

کہروڑ پکا (نامہ نگار) ملاوہ و دیگر دیہات میں سیوریج میڈیکل کیمپ 600 سے زیادہ مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا۔ تفصیل کے مطابق دو روزہ سیوریج

بقیہ صفحہ 5

بیروت میں امریکی سفارتخانے کے باہر فائرنگ کی آواز' بغداد میں شدید مظاہرے

بیروت میں امریکی سفارتخانے کے واقعہ کی سرکاری سطح پر فوری تصدیق یا تفصیلات جاری نہیں کی گئیں

خامنہ ای کی شہادت کے بعد عوام کی بڑی تعداد سڑکوں پر نکل گئی' سیکورٹی فورسز کیساتھ جھڑپوں کی اطلاعات

بیروت/ بغداد (نیوز نیوز + کال نیوز) لبنانی دارالحکومت بیروت میں امریکی سفارت خانے کے اطراف غیر معمولی سرگرمیوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ روی میڈیا کے مطابق سفارت خانے کی چار چاب تیزی سے بڑھتے رک دیکھے گئے جبکہ پھر بھی کئی کو 20

بقیہ صفحہ 20

اصفہان: ہزاروں افراد کا سپریم لیڈر خامنہ ای کو خراج عقیدت

بڑی تعداد میں شہر کے معروف نقش جہان اسکوائر میں لوگوں کی شدید غمزدہ بازی

تہران (نیوز نیوز) ایران کے جارحی خیم خامنہ ای کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع اصفہان میں ہزاروں افراد ایران کے سپریم لیڈر علی

بقیہ صفحہ 21

دربار عالیہ حضرت امیر ملت علی پور سیداں شریف پر 10 رمضان المبارک یوم وصال اُم المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی مناسبت سے تقریب کے بعد افطاری کرائی جارہی ہے

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعظم حسن نقوی کی ملاقات کر رہے ہیں

'طالبان حملوں کو پسپا کرنے پر فوج کو خراج تحسین'

آپریشن غضب لعنق وشن کیلئے واضح پیغام' خاموشی کو کمزوری نہ سمجھا جائے

صدر چیچہ وطنی پریس کلب چودھری علی رضا' شہباز حسین کبوہ کا مشترکہ بیان

چیچہ وطنی (نامہ نگار) صدر چیچہ وطنی پریس کلب چودھری علی رضا سندھو اور جنرل سیکرٹری چودھری شہباز حسین کبوہ نے افغان طالبان زخم کے سرحدی

بقیہ صفحہ 19

ڈنیا میں انتہائی مانگ کی حامل 500 جڑی بوٹیاں پاکستان میں پائی جاتی ہیں: فہم ہزاری

لاہور (کامس رپورٹر) آرگینک خوراک اور

بقیہ صفحہ 3

حکومت پنجاب دربار حضرت داتا گنج بخشؒ کی ترقی وتحفظ کیلئے پرعزم ہے: نبیل جاوید

لاہور (خصوصی رپورٹر) دربار داتا گنج بخشؒ کو

بقیہ صفحہ 4

چیچہ وطنی میں دہرے قتل کا واقعہ' ڈی پی او ساہیوال کا نوٹس

ناصرہ نسرین اختر کو فائرنگ کر کے قتل کیا' چھ خود کو گولی مار لی' پولیس حکام

چیچہ وطنی (نامہ نگار) تفتیش کا آغاز ہو گیا۔ تفصیل کے مطابق دو روز قبل سیوریج میڈیکل کیمپ 600 سے زیادہ مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا۔ تفصیل کے مطابق دو روز قبل سیوریج

بقیہ صفحہ 5

میاں ذیشان رفیق نے سیوریج پائپ 6.37 ارب روپے کے نرقیاتی سکیم کا آغاز کر دیا

100 سال کی معیاد والے سیوریج پائپ کا استعمال بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کیلئے انڈر گراؤنڈ واٹر سٹوریج بنائیں گے

بارش پانی کے نکاس کے موثر انتظامات، واٹر سپلائی سسٹم، گلیوں کی کیمرہ ٹیلیویژن کی سہولت ایرانی سٹوریج ٹینک بنائیں گے، مریم نواز شریف کی قیادت میں تاریخی ترقیاتی کام ہو رہے ہیں، وزیر

بقیہ صفحہ 6

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) سیوریج میں 6.37 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کے آغاز کے بعد وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق میڈیا کو تبادلہ خیال کر رہے ہیں، ایم پی اے حنا نثار وڑائچ بھی موجود ہیں

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) سیوریج پائپ کی تبدیلی شامل ہیں، 100 سال کی معیاد والے سیوریج پائپ استعمال کر رہے ہیں، بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کیلئے انڈر گراؤنڈ واٹر

ڈپٹی کمشنر شلیم اختر راوی کو رسمدار ایس او امان کے قیام کے حوالے سے اجلاس ذمہ داری سونپ دی

ڈپٹی کمشنر شلیم اختر راوی قوم امن کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں' ڈی پی او اور سلطان زاہد بھی موجود ہیں

ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت عظیم سانحہ: ڈپٹی کمشنر نکانہ

اللہ کریم شہداء کے درجات بلند کرے، ہمیں آپس میں اتحاد پیدا کرنا ہوگا' شلیم راؤ

عالمی حالات کے پیش نظر ہمیں بحیثیت قوم متحد رہنا ہے' ڈی پی او اور سلطان زاہد

نکانہ صاحب (ڈسٹرک رپورٹر) ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب شلیم اختر راوی کی رسمدار ایس او امان کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈسٹرک پولیس آفیسر سلطان زاہد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد

بقیہ صفحہ 17

امت مسلمہ کو اتحاد کی ضرورت ہے: ملک اظہر حسین

ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملے قابل تشویش ہیں

مسلم ممالک باہمی تجارت و معیشت کو مضبوط بنائیں' بیان

سرپرست اعلیٰ میڈیا ونگ ایشین جھنگ ملک اظہر حسین نے ایران پر امریکہ اور

بقیہ صفحہ 14

جھنگ میں مصنوعی مہنگائی خاتمہ کیلئے ضلعی انتظامیہ سرگرم

پرائس کنٹرول سکیم کے تحت 2 ہزار 8 سے زائد کارروائیاں' 5 دکانیں سیل

12 دکاندار گرفتار، ایک لاکھ 10 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے عائد

جھنگ (رپورٹر) پرائس کنٹرول سکیم پر عملدرآمد کے لئے ڈپٹی کمشنر جھنگ محمد اکرم بھٹی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر جھنگ محمد اکرم کی جانب سے پرائس کنٹرول سکیم پر سخت کارروائی کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر جھنگ محمد اکرم کی جانب سے پرائس کنٹرول سکیم پر سخت کارروائی کی گئی۔ کنٹرول روز پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے 14 کے ہزار 8 زائد دکانوں کو

بقیہ صفحہ 13

جھنگ: یتیم خانہ میں طلبا عوام ویلفیئر کے بچے بچیوں کیلئے افطاری کی تصویری جھلکیاں

جھنگ یتیم خانہ میں مقیم بچوں کیلئے افطار پروگرام کا انعقاد

اہتمام فلاح عوام ویلفیئر فاؤنڈیشن نے کیا' بچوں کو خصوصی اولادت پیش

مقصد افطاری نہیں بچوں کو تحفظ و محبت کا احساس دلانا ہے، شہباز لجی کی گفتگو

جھنگ (پورٹ نیوز) فلاح عوام ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے جھنگ کے یتیم خانے میں یتیم و بے سہارا بچوں کے لیے ایک خانہ افطار اور روح

بقیہ صفحہ 9

جنرل سیکرٹری پی پی پی پنجاب حسن مرتضیٰ کا دورہ جھنگ

کثیر تعداد میں کارکنوں کے ہمراہ پی پی پی ضلعی سیکرٹریٹ آمد پر کا افتتاح

پنجاب بھر میں نئی تنظیموں کو دو ماہ کے اندر اپنے دفاتر قائم کرنے کا ہدف

جھنگ (پورٹ نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے

بقیہ صفحہ 8

الوداع! اے رہبر کارواں

آج میرا دل اس قدر بوجھل ہے کہ قلم بکڑنا مشکل لگ رہا ہے۔ کچھ بات تو یہ ہے کہ کرب کے اس عالم میں کچھ لکھنے کی سکت ہی نہیں رہی، لیکن جس عظیم ہستی کے بچھڑنے کے غم نے مجھے دھکا دیا کیا ہے۔ ان کے ذکر کے بغیر رہنا اس سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ آج صبح فجر کی نماز کے بعد کافی دیر تک اپنے دوست داؤد آصف کیساتھ ان کی استقامت اور بصیرت کی باتیں کرتے کرتے آنکھ لگ گئی لیکن یہ خوابِ کے بیدار ہوتے ہی اگلی شہادت کی خبر میرے دل میں ایک قیامت برپا کر دیگی۔

دنیا کا تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ ایک ایسا رہنما اپنے ہوتے ہوئے ہی چھٹی کیلئے رب کو ترجے لیں بلکہ اپنے ساتھ ایک پورے عہد کو سمیٹ کر لے جاتے ہیں۔ یکم مارچ 2026 کی صبح بھی ایک المیہ کی صحنوں اور بھارتی سنگھی جب تہران کی فضاؤں سے آسمانِ والی ایک لرزہ خیز خبر نے صرف ایران ہی نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ اور عالمی سیاسی ایوانوں میں ارتعاش پیدا کر دیا۔ رہبرِ انقلاب اسلامی آیت اللہ سید علی حسینی خامنہ ای جوسازشے تھیں، ایک ایسے شخص کا استقامت کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنے رہے۔ ایک مشترکہ امریکی۔ اسرائیلی فضائی حملے میں جام شہادت نوش کر گئے۔ "وہ چراغ راہ جو بجھ گئی ہے آنکھوں میں مکتبِ انقلاب ابدیت کی روشنی میں ڈھل چکا ہے۔" وہ جو ایک زمانے کا سہارا تھے آج خود تاریخ کا حصہ بن گئے۔ یہ صرف ایک لیڈر کا جانا نہیں بلکہ ایک عہد حراحت کا باب شہادت پر تمام ہوتا ہے۔ آیت اللہ خامنہ ای کا تصور ایک ملک کے سربراہ تک ہی محدود نہ تھا بلکہ وہ اس نظریے کی پہچان تھے جسے "مقاومت" کہا جاتا ہے۔ 1939 میں مشہد کی مقدس سرزمین پر آنکھ کھولنے والے اس درویش صفت رہنما نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ اپنے نظریات کی آبیاری میں گزارا۔ 1981 سے 1989 تک صدارت کا منصب ہو 1989 کے بعد سے تادم شہادت رہبری کی بھاری ذمہ داری ان کے قدموں میں کبھی لرزش نہیں آئی۔

ان کی شہادت نے اس سچائی پر مہر ثبت کر دی ہے کہ حق کی راہ پر چلنے والوں کا انجام وہی ہوتا ہے جس کی تمنا وہ اپنی شب بھر کی مناجات

کڑوے کسیلے
ایم گلزار مصطفائی
0321-4016781

میں کرتے رہے۔ تہران کی سڑکوں پر آج جو خاموشی ہے وہ کسی خوف کی نہیں بلکہ اس گہرے دکھ کی عکاسی ہے جو ایک باپ کے بچھڑ جانے پر ہوا اور کھو جاتا ہے۔ ایران نے 40 روز سوگ کا اعلان کیا ہے۔ یہ سوگ صرف سیاہ کپڑوں تک محدود نہیں۔ یہ ایک عبوری تیاری کا دیباچہ ہے۔ جس بزدلانہ طریقے سے ایک ریاست کے سربراہ کو فضائی حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ اس نے عالمی قوانین کے پرخچے اڑا دیے ہیں۔ امریکہ اور اسرائیل کی اس مشترکہ کارروائی نے ثابت کر دیا کہ وہ اس نظم کی فکر سے کتنا خوفزدہ تھے نے کبھی بجھانا نہیں سیکھا۔ خامنہ ای صاحب نے اپنی آخری سانس تک مغرب کی بالادستی اور صہیونی ریاست کے عزائم کے خلاف جو موقف اپنایا۔ وہ ان کی شہادت کے بعد ہر جو تا ہو کر ابھرے گا۔ "خونِ شہید جب زمین پر گرتا ہے تو وہ مٹتا نہیں، بلکہ ہزاروں کے عزم کو ضرب دیتا ہے۔"

ان کا وہ اقتدار کو ذاتی پھلوں کی سیج نہ تھا۔ انہوں نے سخت ترین اقتصادی پابندیاں دیکھیں۔ دہائی طویل سیاسی بحرانوں کا مقابلہ کیا۔ سماجی اجتماعات کے طوفان سے اور اقتصادی بحرانوں کے ضلوں کو اپنی دلیرانہ حکمتِ عملی سے ٹالتے رہے۔ لیکن تاریخ گواہ ہے کہ خامنہ ای کے قدموں میں کبھی لرزش نہیں آئی۔

ان کی شہادت نے ایران کو ایسی شکست دی ہے کہ جس کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ ایران کی سیاسی تاریخ کا سب سے بڑا موڑ ہے۔ یہ وہ لمحہ ہے جہاں سے نئے کی سیاست ایک نیا رُخ اختیار کرے گی۔ ایران کے دشمن شاید یہ سمجھ رہے ہیں کہ ایک قد آور شخصیت کو راستے سے ہٹا کر وہ انقلاب کو کمزور کر دیں گے لیکن وہ یہ بھول رہے ہیں کہ تہران کی دیواروں میں اب بھی امام خمینی کی فکر اور خامنہ ای کا عزم گونج رہا ہے۔ 40 دن کا یہ سوگ گزر جائے گا لیکن جو آگ اس خطے کے مجرکائی ہے۔ اس کے اثرات دہائیوں تک عالمی سیاست کے منظر نامے پر موجود رہیں گے۔

سید علی خامنہ ای تاریخ کے اوراق پر ایک ایسے سپاہی کے طور پر یاد کیے جائیں گے جو اپنے نظریے کے لیے جیئے اور اپنے وطن کی مٹی کی ظاہر جان دے دی۔ ان کی شہادت نے ثابت کر دیا کہ "موت تو سب کو آنی ہے لیکن شہادت کی موت صرف مقدر والوں کا حصہ ہوتی ہے۔"

آج تہران رو رہا ہے، بیروت اداس ہے، دمشق مغموم ہے اور دنیا بھر کے مظلوم طبقے خود کو یتیم محسوس کر رہے ہیں مگر دوسرے رہبر ہر مرتے ہوئے دانے پر جڑ دکاروں کے جذبوں میں زندہ رہتے ہیں۔

امریکا کے 4 پولیسٹیشنوں پر 5 ملین سے لوٹ مار کیلئے 2 ریپیوٹ افراد گرفتار

بعض تفتیشی افسران کیساتھ منسلک پرائیویٹ افراد کی جانب سے مبینہ طور پر رقوم کی وصولی کا سلسلہ جاری

انصاف کے حصول کے لیے آنے والے غیری شدید مشکلات اور مالی استحصال کا شکار' ذرائع

جانب سے سائلین سے مبینہ طور پر غیر قانونی رقوم وصول کرنے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث تفتیشی افسران کے ساتھ منسلک پرائیویٹ افراد کی

بقیہ صفحہ 27

سابق وزیراعلیٰ شہباز کا نجو فارم ہاؤس آمد' وزیر مملکت عبدالرحمن خان کانجو سے ان کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت

کہروڑ پکا (نعیم شاہ) سابق وزیراعلیٰ پنجاب میاں حمزہ شہباز کا کانجو فارم ہاؤس آمد' وزیر مملکت عبدالرحمن خان کانجو سے ان کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

بقیہ صفحہ 16

وزیر محنت منشا بوہڑ کا کرین ٹائون بڑر کے مسائل کا نوٹس

سائیٹوں (بورپورٹ) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت جناب محمد منشا بوہڑ نے کرین ٹائون بڑر میں ٹاؤن کی فوٹی سائیٹ اور سیوریج کے

بقیہ صفحہ 15

امریکا نے مذاکرات کے بھانے میں ایران پر حملہ کیا' رانا ظہیر الرحمن' رانا رضا

ایرانی سپریم لیڈر رسیدل علی خامنہ ای کی شہادت انتہائی تکلیف دہ امر ہے' چودھری سلیم

فواں لاہور (پاکستان عظمیٰ نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق فواں لاہور کی صرائف یادرہی جبر عناصر، اسلامی فواں لاہور سید ظہیر الرحمن زرگر، رانا ظہیر الرحمن ناصب امیر جمعیت علی حدیث کوٹ مومل نام بارگاہوں لاہور اور تاجر مدد مرتضیٰ سابق

بقیہ صفحہ 28

کمسن بچیوں کو زیادتی کا نشانہ بنانے والا عادی مجرم ہلاک

مصطفیٰ آباد (ایم ایل ایم نامہ نگار) کمسن بچیوں کو

بقیہ صفحہ 29

تھانہ صدر چیچہ وطنی کی حدود میں پولیس مقابلہ 2 ڈکیتی ملزمان گرفتار

چیچہ وطنی (نامہ نگار) تھانہ صدر چیچہ وطنی کی

بقیہ صفحہ 12

شکایت صاحب جیل کالج کی تعمیر کیلئے 25 لاکھ روپے کی خطیر رقم جاری

چیف ڈپٹی پنجاب اسمبلی رانا ارشد پریس کلب نے گرانٹ کا چیک صدر افضل حق خاں و دیگر عہدیداران کے حوالے کیا

تاریخی اور بین الاقوامی اہمیت کے حامل شہر میں ایک جدید، کشادہ اور معیاری پریس کلب کی تعمیر نا گزیر تھی' رانا ارشد کی گفتگو

نکانہ صاحب (ڈسٹرک رپورٹر) رانا ارشد ایم پی اے و چیف ڈپٹی پنجاب اسمبلی نے پریس

بقیہ صفحہ 11

پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا' فیاض حسن کبوہ

لوگوں کی زندگیاں اجیرن بنادیں' عوام ذلیل وخوار

چیچہ وطنی (نامہ نگار) سماجی، قانونی اور عوامی

بقیہ صفحہ 10

آپریشن غضب لعنق افغان طالبان کی بلا اشتعال فائرنگ کا فیصلہ کن جواب

پاکستان کی سلیمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا' سابق صدر چیچہ وطنی پریس کلب

چیچہ وطنی (نامہ نگار) سابق صدر چیچہ وطنی پریس کلب چودھری فیاض حسن کبوہ نے کہا کہ آپریشن غضب لعنق پاک افغان سرحد پر افغان طالبان کی بلا اشتعال فائرنگ اور جارحیت کے جواب میں پاک فوج کا ایک دو ای اور فیصلہ کن

بقیہ صفحہ 30

نکانہ صاحب، ایم پی اے و چیف ڈپٹی پنجاب اسمبلی رانا ارشد پریس کلب نکانہ صاحب کی تعمیر کیلئے حکومت پنجاب کی طرف سے 25 لاکھ روپے کا چیک صدر چودھری افضل حق، جنرل سیکرٹری آصف علی بھٹی کے حوالے کر رہے ہیں' سینئر صحافی طاہر محمود چودھری، ریاض و دیگر بھی موجود ہیں

بعدالت جناب طلعت محمود صاحب
سول جج سٹی کاڑیاں ماروالا
درخواست حصول حقِ ملکیت کاڑیاں عنوان مقدمہ: عبدالوحید بنام محمد خورشید کھوکھر رنگ شامل کاڑیاں ماروالا۔ عام عوام الناس برگاہ سائل درخواست دہندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عام الناس میں سے کوئی کوئی عذر یا بات درخواست ہذا کو روزانہ مورخہ 04.03.2026 کو بوقت 9 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً مدعا علیہ کو اپنا مدعا بذریعہ کوئی عذر یا کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو تو کاروائی حسب ضابطہ کی جائے گی۔

گمشدگی کاغذات
میرا شناختی کارڈ نمبر 36401-4247071-5 کا پاسپورٹ نمبر AW0850711 مورخہ 29-01-2026 کو علاقہ ماروالا میں گم ہو گیا ہے اگر کسی کو ملے تو مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کرے۔ شاہد محمد بلال نقاش ولد محمد سلیم سکنہ کیٹ 147/EB تحصیل ماروالا

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ اراضی سنٹر / ریونیو آفیسر سرکل چیتیاں
ہرگاہ کے حقوق ریونیو ڈیپارٹمنٹ کی ترمیم نمبر اراضی جات ہرگاہ قصبہ قصبہ قصبہ الخ سے وقت حقوق ہرگاہ کے حقوق پر مبنی کیٹ نمبر 105 کے حقوق چیتیاں میں زرعی، رہائشی اراضی کی مالک دکاشتی ہیں۔ والدین حقوق کی اثر حقوق پر مبنی ہیں۔ جن کے داخلہ میں ہیں (شیر احمد خاندان حقوق پیکٹ در شدہ) کھوکھیاں، بھوکی اور ہلہ نور مقدس پہران و ترشیم احمد حقوق ہیں۔ بذریعہ اشتہار ہذا عام الناس میں اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو اعتراض ہو تو اپنا اعتراض کیٹ نمبر 105 کے حقوق پر مبنی کے دعوے کے ساتھ دستاویزات سمیت دفتر ہذا میں پیش کرے اگر کسی کو اعتراض ہو تو اپنا اعتراض کیٹ نمبر 105 کے حقوق پر مبنی کے دعوے کے ساتھ دستاویزات سمیت دفتر ہذا میں پیش کرے اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو تاریخ 09-03-2026 کو بوقت 9 بجے صبح دفتر ہذا میں پیش کرے۔ بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اعتراض کا ہونا ضروری ہے۔ ADLR/ ریونیو آفیسر سرکل چیتیاں۔

بعدالت جناب رحمان الٰہی صاحب
سول جج بااختیار سٹی کورٹ ضلع شیخوپورہ
مقدمہ نمبر 599/FC مورخہ 18-02-2026 سال 2026 بعنوان محمد فیصل ولد ذوالفقار قریشی سکنہ ڈھاکی سیاں خیر سنج بصورت دیگر قریشی سلمان خیر سنج تحصیل پنجہ ضلع شیخوپورہ 11,25,000/- روپے۔ عنوان مقدمہ۔ قرارداد گھر بار متصل مولی۔ اشتہار اشتہار بنام۔ مقصود علی ولد اللہ دتہ سکنہ کھوکھر ضلع شیخوپورہ ہذا کو اطلاع دیا جاتا ہے کہ مدعی ہذا نے مدعا علیہ کو مقدمہ ہذا کا نوٹس جاری کیا ہے جو کہ عدالت ہذا میں سائل کے وکیل کو موصول ہوا ہے کہ مدعا علیہ کو مقدمہ ہذا کا نوٹس جاری کیا جات

بقیہ 1

جہاں امریکی نے جوڑ کر رہا ہے۔ ایران سے پرہم لیڈر کی شہادت کے بعد ایران میں سات روز کے لیے عمومی اور پبلس روز کا اعلان کر دیا گیا جبکہ ہر شہر میں مقدس رہنمس ریاستی انقلاب کی شہادت کے بعد ایران کے شہر قم میں ہزار ہا شہریوں

روزنامہ قدامت
SPECIAL EDITION
اشاعت خاص

رپورٹ: عباس علی/ ابن ظہور

مزاحمت کی علامت آیت اللہ علی خامنہ ای

امریکا اور اسرائیل کے ایران پر حملوں میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای شہید ہوگئے، ایران کے سرکاری میڈیا نے آیت اللہ کی شہادت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران بھر میں 7 روزہ عطیل اور 40 روز کے سوگ کا اعلان کیا گیا ہے۔ ایران کی سرکاری میڈیا کا کہنا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے ان حملوں میں ایران کے سپریم لیڈر کی بیٹی، داماد اور نواسی بھی شہید ہوئے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق رہبر معظم انقلاب اسلامی کو ان کے دفتر میں شہید کیا گیا۔ وہ اپنے تفویض کردہ فرائض سرانجام دے رہے تھے اور شہادت کے وقت اپنے دفتر میں تھے۔ اس عطیے سے متعلق بتایا گیا ہے کہ یہ بروز اتوار محلہ ینگٹے کی صبح کی اوقیش ساعتوں میں ہوا۔ امریکا اور اسرائیل کے ان حملوں میں ایران کے سپریم لیڈر کی بیٹی، داماد اور نواسی بھی شہید ہوئے۔ ایران کے سرکاری میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب گارڈز کمانڈر محمد پاکپور اور سپریم لیڈر کے مشیر اعلیٰ علی شاخانی بھی شہید ہوگئے ہیں۔ علی رضا افرافی کو ایرانی سپریم لیڈر کے فرائض انجام دینے والی عبوری کونسل کا رکن مقرر کر دیا گیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق آیت اللہ علی رضا افرافی کو قیادت کونسل کے رکن مقرر کر دیا گیا، قیادت کونسل عارضی طور پر سپریم لیڈر کے فرائض انجام دے گی۔ تین رکنی کونسل میں ایرانی صدر پزشکیان اور ایرانی جنج جسٹس بھی شامل ہیں۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ مجلس خبرگان رہبری کی جانب سے نیا سپریم لیڈر منتخب کیے جانے تک یہ کونسل رہبر کے فرائض انجام دے گی۔

ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ سپریم لیڈر علی خامنہ ای اور دیگر اعلیٰ ایرانی عہدیداروں کے قتل کا بدلہ لینا ایران کا فرض اور جائز حق ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران اس تاریخی جرم کے ذمہ داروں اور اس کا حکم دینے والوں سے انصاف اور انتقام لینے کو اپنی ذمہ داری سمجھتا ہے۔ صدر نے مرحوم رہنماؤں کے اہل خانہ اور قوم سے تعزیت کا اظہار بھی کیا۔ اس کے علاوہ ایرانی عدلیہ کے سربراہ نے کہا ہے کہ امریکا اسرائیل جان لیں ایرانی عوام اپنے لیڈر کا بدلہ ضرور لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی حکومت جان لے کہ ان اقدامات سے مسلمانوں کے سیاسی مطلوں سے دور رہے ہیں اور ان کے بارے میں معلومات بہت محدود ہیں۔ وہ پہلے اس دفتر کے سربراہ تھے جو آیت اللہ خامنہ ای کے لیے ایک اہم پروپیگنڈہ مرکز کے طور پر کام کرتا ہے، اس کے علاوہ یہ دفتر ان کے والد کے کاموں کو محفوظ کرنے کا کام بھی کرتا ہے، خامنہ ای کی سوانح حیات اور یادداشتیں مرتب کرنے کی ذمہ داری بھی مسعود پر ہے۔ خامنہ ای کے سب سے چھوٹے بیٹے یتیم 1977 میں پیدا ہوئے اور اپنے باقی تین بھائیوں کی طرح وہ بھی عالم ہیں، ان کی اہلیہ ایک بااثر تاجر محمود اولادیجان کی بیٹی ہیں جن کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ 1979 کے انقلاب سے قبل انقلابی مذہبی رہنماؤں کی مالی اعانت کیا کرتے تھے۔ یتیم نے اپنے بڑے بھائی مسعود کے ساتھ اپنے والد کے کاموں کو محفوظ رکھنے کے ذمہ دار دفتر میں کام کیا ہے۔ خامنہ ای کی بیٹیوں بشریٰ اور ہدیٰ کے بارے میں بہت محدود معلومات دستیاب ہیں، یہ دونوں اپنے بھائی بہنوں میں سب سے چھوٹی ہیں اور 1979 کے اسلامی انقلاب کے بعد پیدا ہوئی ہیں۔ 1980 میں پیدا ہونے والی بشریٰ کی شادی غلام حسین محمد محمدی گلپایگانی کے بیٹے محمد جاوید گلپایگانی سے ہوئی، غلام حسین محمد محمدی خامنہ ای کے دفتر میں چیف آف سٹاف تھے۔ خامنہ ای کی سب سے چھوٹی اولاد ہدیٰ 1981 میں پیدا ہوئیں، ان کی شادی مصباح الہدیٰ باقری کی سے ہوئی ہے جو امام صادق یونیورسٹی میں پڑھاتے ہیں۔

ایرانی سپریم لیڈر کی زندگی پر ایک نظر

علی خامنہ ای 1939ء میں ایران کے شہر مشہد میں ایک متقی مذہبی رہنما، جواد خامنہ ای کے گھر میں پیدا ہوئے اور انہوں نے نوسالہ عمر میں پرورش پائی، وہ اپنے بھائی بہنوں میں دوسرے نمبر پر تھے۔ انہوں نے مشہد میں ایک ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد عراق کے شہر نجف سے فقہ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی جہاں وہ آیت اللہ خمینی کے طالب علم تھے۔ خامنہ ای کی شاعری میں دلچسپی ان کی عوامی شخصیت کا ایک معروف حصہ ہے، وہ اکثر اپنی تقریروں میں اشعار کا حوالہ دیتے تھے اور مشاعروں کی صدارت کرتے تھے جہاں حکومت حامی شاعر اپنے اشعار پڑھتے اور ان کے تبصرے وصول کرنے کے لیے جمع ہوتے تھے۔ مذہبی علما میں خامنہ ای کی ادب میں دلچسپی کافی نایاب ہے، باغبانی میں ان کی دلچسپی کا بھی یہی حال تھا۔ وہ ایرانی ریاست کے طاقت کے مراکز میں مرکزی حیثیت رکھنے کے لیے مشہور ہے، بطور رہبر اعلیٰ، خامنہ ای کو کسی بھی حکومتی عہدے کی طاقت حاصل رہی، اس کے علاوہ ان کے پاس یہ اختیار تھا کہ وہ جس کو چاہیں، کسی بھی عوامی دفتر کے امیدوار کے طور پر منتخب کر سکتے تھے۔ آیت اللہ علی خامنہ ای ریاست کے سربراہ اور فوج کے کمانڈر ان چیف ہونے کے ناطے وہ ایران کے سب کے فائنو فیصلے کے طور پر جانے جاتے تھے۔ خامنہ ای بھی ایران کے سپریم لیڈر رہنے والے پہلے شخص تھے جو اپنے عہدے پر فائز ہوئے جہاں سپریم لیڈر کی شہادت کا غم منایا گیا۔ خامنہ ای کی شہادت پر عراق میں مقدس روضوں پر پرچم سرنگوں کر دیئے گئے، قیادت کونسل عارضی طور پر سپریم لیڈر کے فرائض انجام دے گی۔ تین رکنی کونسل میں ایرانی صدر پزشکیان اور ایرانی جنج جسٹس بھی شامل ہیں۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ مجلس خبرگان رہبری کی جانب سے نیا سپریم لیڈر منتخب کیے جانے تک یہ کونسل رہبر کے فرائض انجام دے گی۔

امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ سی آئی اے نے ایرانی قیادت کے اجتماع کا سراغ لگایا، پھر امریکہ اسرائیل نے اس پر حملہ کیا۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مطابق ایران نے حملے سے کچھ پہلے امریکی انٹیلی جنس ایجنسی آئی اے نے حملہ کو طور پر سب سے اہم ہدف آیت اللہ علی خامنہ ای کی درست نشاندہی کر لی تھی۔ آپریشن سے واقف ذرائع کے مطابق سی آئی اے کئی ماہ سے خامنہ ای کی نقل و حرکت اور قیام کا بغور جائزہ لے رہی تھی اور وقت کے ساتھ اس کی معلومات زیادہ مستند ہوتی گئیں۔ امریکی ایجنسی کو اطلاع ملی کہ بند کی صبح تہران کے وسط میں واقع ایک کمپاؤنڈ میں اعلیٰ ایرانی حکام اہم اجلاس ہونے والا ہے اور سب سے اہم بات یہ کہ ہوئے جہاں سپریم لیڈر کی شہادت کا غم منایا گیا۔ خامنہ ای کی شہادت پر عراق میں مقدس روضوں پر پرچم سرنگوں کر دیئے گئے، قیادت کونسل عارضی طور پر سپریم لیڈر کے فرائض انجام دے گی۔ تین رکنی کونسل میں ایرانی صدر پزشکیان اور ایرانی جنج جسٹس بھی شامل ہیں۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ مجلس خبرگان رہبری کی جانب سے نیا سپریم لیڈر منتخب کیے جانے تک یہ کونسل رہبر کے فرائض انجام دے گی۔

ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ سپریم لیڈر علی خامنہ ای اور دیگر اعلیٰ ایرانی عہدیداروں کے قتل کا بدلہ لینا ایران کا فرض اور جائز حق ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران اس تاریخی جرم کے ذمہ داروں اور اس کا حکم دینے والوں سے انصاف اور انتقام لینے کو اپنی ذمہ داری سمجھتا ہے۔ صدر نے مرحوم رہنماؤں کے اہل خانہ اور قوم سے تعزیت کا اظہار بھی کیا۔ اس کے علاوہ ایرانی عدلیہ کے سربراہ نے کہا ہے کہ امریکا اسرائیل جان لیں ایرانی عوام اپنے لیڈر کا بدلہ ضرور لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی حکومت جان لے کہ ان اقدامات سے مسلمانوں کے سیاسی مطلوں سے دور رہے ہیں اور ان کے بارے میں معلومات بہت محدود ہیں۔ وہ پہلے اس دفتر کے سربراہ تھے جو آیت اللہ خامنہ ای کے لیے ایک اہم پروپیگنڈہ مرکز کے طور پر کام کرتا ہے، اس کے علاوہ یہ دفتر ان کے والد کے کاموں کو محفوظ کرنے کا کام بھی کرتا ہے، خامنہ ای کی سوانح حیات اور یادداشتیں مرتب کرنے کی ذمہ داری بھی مسعود پر ہے۔ خامنہ ای کے سب سے چھوٹے بیٹے یتیم 1977 میں پیدا ہوئے اور اپنے باقی تین بھائیوں کی طرح وہ بھی عالم ہیں، ان کی اہلیہ ایک بااثر تاجر محمود اولادیجان کی بیٹی ہیں جن کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ 1979 کے انقلاب سے قبل انقلابی مذہبی رہنماؤں کی مالی اعانت کیا کرتے تھے۔ یتیم نے اپنے بڑے بھائی مسعود کے ساتھ اپنے والد کے کاموں کو محفوظ رکھنے کے ذمہ دار دفتر میں کام کیا ہے۔ خامنہ ای کی بیٹیوں بشریٰ اور ہدیٰ کے بارے میں بہت محدود معلومات دستیاب ہیں، یہ دونوں اپنے بھائی بہنوں میں سب سے چھوٹی ہیں اور 1979 کے اسلامی انقلاب کے بعد پیدا ہوئی ہیں۔ 1980 میں پیدا ہونے والی بشریٰ کی شادی غلام حسین محمد محمدی گلپایگانی کے بیٹے محمد جاوید گلپایگانی سے ہوئی، غلام حسین محمد محمدی خامنہ ای کے دفتر میں چیف آف سٹاف تھے۔ خامنہ ای کی سب سے چھوٹی اولاد ہدیٰ 1981 میں پیدا ہوئیں، ان کی شادی مصباح الہدیٰ باقری کی سے ہوئی ہے جو امام صادق یونیورسٹی میں پڑھاتے ہیں۔

88 رکنی ادارے، اسمبلی آف ایکسپرٹس نے نیا لیڈر نامزد کیا تھا۔ وہ صرف روحانی پیشوا نہیں ہیں بلکہ حکومت کی سمت کا تعین کرنے، مسلح افواج کی کمان اور عدلیہ کے سربراہ کی تقرری میں مشاورت تک ان کے فرائض میں شامل تھی۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کے مطابق اپنے دور میں خامنہ ای نے روایتی جنگ کی بجائے خفیہ عطیے مزاحمت کا طور متشکیل دیا، جس میں لبنان میں حزب اللہ، یمن میں حوثی اور شام میں بشار الاسد کی حکومت شامل تھی، تاہم 2023ء میں اسرائیل پر حماس کے حملے کے بعد یہ محور ٹھہرنے لگا، اسرائیل نے حالیہ ہم میں حزب اللہ کی قیادت کو ختم کر دیا، جبکہ دسمبر 2024ء میں شام میں اسد حکومت کا خاتمہ ڈبا گیا۔ خامنہ ای نے علی اکبر ولایتی پر کرام کو تیزی سے آگے بڑھایا، جس پر امریکا اور اسرائیل سے مسلسل تصادم ہوا، 2018ء میں ڈرمپ کے ایٹمی معاہدے سے نکلنے کے بعد ایران نے یورینیم کی افزودگی تھیاروں کے درجے کے قریب تک پہنچا دی۔ اندرون ملک، سیاسی جبر اور معاشی بدحالی کے باعث خامنہ ای کو 1997ء، 2009ء، 2019ء اور 2022ء میں مہسا امینی کی موت پر بڑے پیمانے پر مظاہروں کا سامنا کرنا پڑا، انہیں سکیورٹی فورسز نے انتہائی سختی سے کچل دیا۔ دسمبر 2025ء کے اواخر میں 9 کروڑ آبادی والے اس ملک میں دوبارہ شدید معاشی مظاہرے شروع ہوئے جس میں سلطے عام اسلامی جمہوریہ کے خاتمے کا مطالبہ کیا گیا۔



پیشکش ایم کلرز نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فرحت طلوع شیخ نادر 38 اے نیل روڈ لاہور سے شائع کیا، مجاہد ایڈیٹر، مجیب اے خان، ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی، ڈپٹی ایڈیٹرز بن ملک، سینئر ایڈیٹر، ایم کرم، ایڈیٹر انویسٹی گیشن: رمیاں مشتاق